انجمن اسلام کی طالبہ مشکوۃ فاطمہ
تخلیقی تحریر انگریزی ادب میں دوسرا مقام

ممبئی (اسٹاف رپورٹر) انجمن اسلام کی ہونہار طالبہ شیخ مشکاۃ فاطمہ نے آئی آئی ٹی بی یوائی کے زیر اہتمام انٹر اسکول مقابلوں میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ مشکوۃ فاطمہ ممبئی باندرہ کی ڈاکٹر محمد اسحق جمخانہ والا گرلز ہائی اسکول اور جونیئر کالج کی طالبہ ہے۔ گزشتہ روز شیخ مشکاۃ فاطمہ نے منعقدہ تخلیقی تحریر (انگریزی کیٹیگری) مقابلے میں دوسرا انعام حاصل کیا، جس کی رہنمائی محترمہ آمنہ قاضی نے کی۔ انجمن اسلام کے صدر ڈاکٹر ظہیر قاضی نے اس کامیابی پر مسرت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ طالبہ اردو میڈیم کی طالبہ ہونے کے ناطے ہم سب کے لیے بہت بڑی کامیابی ہے اور وہ تمام بین الاقوامی اسکولوں میں دوسرے نمبر پر رہی ہیں اور وہ بھی انگریزی میں تخلیقی تحریر میں یہ کامیابی حاصل کی جو کہ ادارہ کے لیے قابل ستائش ہے۔ مذکورہ مقابلہ میں بامبے اسکاٹش اسکول کی طالبہ نے پہلا انعام حاصل کیا اور دوسرا انعام جیتنے والی انجمن اسلام ڈاکٹر ایم آئی جے گرلز ہائی اسکول اور جونیئر کالج باندرہ کی طالبہ رہی ہے۔

سابقہ صفحہ
اگلا صفحہ